

NIPUN BHARAT

برِج کورس

پانچویں جماعت

اُردو • ریاضی • انگریزی

تعلیمی سال ۲۰۲۳-۲۴ء

'STARS' پروجیکٹ کے تحت







ज्ञानसेवा तु साफल्यम्

राجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

برج کورس - مضمون: اُردو • ریاضی • انگریزی - پانچویں جماعت

❖ **محرک :** شالیہ شکشن و کریڈا و بھاگ، ریاست مہاراشٹر

❖ **نشرواشاعت :** راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

❖ **ترغیب**

محترم رنجیت سینہہ دیول (آئی.اے.ایس.)، چیف سکریٹری، شالیہ شکشن و کریڈا و بھاگ، ریاست مہاراشٹر

❖ **رہنمائی**

محترم سورج مانڈھرے (آئی.اے.ایس)، کمشنر (تعلیم)، ریاست مہاراشٹر، پونے

محترم کیلاس پگارے (آئی.اے.ایس)، اسٹیٹ پروجیکٹ ڈائرکٹر، مہاراشٹر پرائمری ایجوکیشن کونسل، ممبئی

❖ **مدیر و ناشر**

محترم کوستبھ دِوے گاؤکر (آئی اے ایس)، ڈائرکٹر، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

❖ **معاون مدیر**

محترم رما کانت کاٹھورے، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

❖ **کارگزار مدیر**

ڈاکٹر کملا دیوی آوٹے، ڈپٹی ڈائرکٹر، شعبۂ زبان دانی و رابطہ، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

❖ **معاون مدیر**

ڈاکٹر راجیش بنکر، صدر شعبۂ مراٹھی

محترمہ رتن پربھا بھالے راؤ، صدر شعبۂ ریاضی

ڈاکٹر نیتا جادھو، لیکچرار، شعبۂ مراٹھی

محترمہ ورشالی گائیکواڑ، لیکچرار، شعبۂ ریاضی

محترم ارؤن سانگولکر، صدر شعبۂ انگریزی

محترمہ منیشا تاٹھے، لیکچرار، شعبۂ مراٹھی

محترم اجے کمار پھندے، لیکچرار، شعبۂ انگریزی

❖ **رابطہ کار برائے اُردو : محترم توصیف پرویز محمد مظفر**

❖ **طبع اول (اُردو) :** مارچ ۲۰۲۳ء

❖ **مالی تعاون :** مہاراشٹر پراتھمک شکشن پریشد، ممبئی

'STARS' منصوبے کے تحت مفت تقسیم کے لیے

❖ **اُردو کمپوزنگ :** یسریٰ گرافکس، ۳۰۵، سوموار پیٹھ، پونے - ۱۱


❖ **طباعت :** رونا گرافکس، سینہہ گڑھ روڈ، پونے

❖ © جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ۔

نام : .....

اسکول : .....

جماعت : ..... فریق : .....



NIPUN BHARAT

برِج کورس

پانچویں جماعت

اُردو • ریاضی • انگریزی

تعلیمی سال ۲۰۲۳-۲۴ء

'STARS' پروجیکٹ کے تحت

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

فہرست

• مضمون •
اردو
صفحہ نمبر 1 تا 34 (دائیں سے)

• مضمون •
ریاضی
صفحہ نمبر 35 تا 78 (دائیں سے)

• مضمون •
انگریزی
صفحہ نمبر 1 تا 32 (بائیں سے)

برج کورس کو نافذ العمل کرنے کے لیے اساتذہ اور تسہیل کاروں کے لیے ہدایات

کووڈ-19 کی وبا کے پھیلنے کی وجہ سے 2019-2020 میں اسکولوں کو باضابطہ طور پر مکمل بند کر دیا گیا تھا اور 2020-2021 میں جزوی طور پر بند کر دیا گیا تھا جس کی وجہ سے کمرۂ جماعت میں آموزش اور تدریس کے عمل کو عملی جامہ پہنانا ممکن نہیں تھا۔ تاہم، ریاستی حکومت کی طرف سے وبائی امراض اور وبا کے بعد کے دوران طلبہ کو آن لائن اور آف لائن دونوں ذرائع سے تعلیم فراہم کرنے کے لیے مختلف کوششیں کی گئیں۔ اسی کے ایک حصے کے طور پر، برج کورس کو پی ڈی ایف (سافٹ کاپی) فارمیٹ میں طلبہ کو دستیاب کرایا گیا۔

اس پس منظر میں، اگرچہ پچھلے دو تعلیمی سالوں سے اسکول باقاعدگی سے شروع ہوئے ہیں، بہت سے اساتذہ اور والدین نے مطالبہ کیا ہے کہ اس برج کورس کو طباعت شدہ مواد کی صورت میں طلبہ کو فراہم کیا جائے۔ اس کے لیے پچھلی جماعت کے طلبہ کے اہم آموزشی ماحصل کی بنیاد پر مطالعہ پر نظر ثانی اور اگلے تعلیمی کورس کے لیے طلبہ کی تیاری کے دوہرے مقصد کے ساتھ، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد (ریاستی کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ) مہاراشٹر، پونے نے تیار کیا ہے۔ تعلیمی سال 2023-24 کے آغاز میں طلبہ کے لیے ایک نظر ثانی شدہ برج کورس پرنٹ شدہ شکل میں دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

برج کورس کے نفاذ کے لیے رہنما اصول:

۱) یہ کورس پچھلی جماعت کے نصاب کے آموزشی ماحصل پر مبنی ہے اور موجودہ جماعت کے نصاب کے درمیان ایک رابطہ ہے۔

۲) یہ برج کورس درجہ وار اور مضمون کے لحاظ سے ہے اور اس کا تعلق پچھلی جماعت کی نصابی کتابوں کے ساتھ ساتھ نپن بھارت کے تحت پیش کردہ آموزشی ماحصل سے ہے۔

۳) اس برج کورس کی سرگرمیوں کو تعلیمی سال 2022-23 کے لیے آن لائن برج کورس کے تناظر میں راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے کے شعبۂ تحقیق کے ذریعے کیے گئے تحقیقی مطالعے کے نتائج کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔

۴) اساتذہ اور تسہیل کاروں کو چاہیے کہ طالب علم کے لیے مقررہ مدت کے اندر مذکورہ کورس مکمل کریں۔

۵) طلبہ پر توجہ دی جانی چاہیے کہ وہ دی گئی برج کورس کی ہر سرگرمی کو خود ہی حل کریں، جہاں ضرورت ہو طلبہ کی مدد اور رہنمائی کریں۔

۶) مذکورہ برج کورس کُل 20 دنوں کا ہے۔ جس میں تعلیمی میقات کے آغاز میں اور برج کورس کی تکمیل کے بعد طلبہ کا بالترتیب 20 نمبروں کا پیشگی جانچ (پری ٹیسٹ) اور بعد کی جانچ (پوسٹ ٹیسٹ) لیا جانا چاہیے۔

۷) اساتذہ کو چاہیے کہ وہ دونوں جانچ میں طلبہ کے حاصل کردہ نمبروں کا تقابلی جدول آموزشی ماحصل کے مطابق تیار کریں۔

۸) برج کورس میں دی گئی سرگرمیاں بطور نمونہ ہیں اور اساتذہ کو چاہیے کہ وہ اپنی جماعت میں طلبہ کی آموزشی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے ضرورت کے مطابق دیگر سرگرمیوں کا اہتمام کریں۔

برِج کورس - مضمون: اُردو - پانچویں جماعت

فہرست

نمبر شمار	دن	عنوان	آموزشی ماحصل نمبر	ذیلی زمرہ	صفحہ نمبر
۱۔	پہلا دن	حمد	4.4.3	قدرتی نظاروں/ چیزوں سے واقفیت	2
۲۔	دوسرا دن	مور	4.4.2	مختلف پرندوں کی آوازوں کی شناخت	3
۳۔	تیسرا دن	کسان	4.4.1	کہانی سننا اور سمجھنا	4
۴۔	چوتھا دن	برسات	4.4.3	بارش کے منظر سے لطف اندوزی	6
۵۔	پانچواں دن	اکبر بیربل	4.4.1, 4.4.2	حاضر جوابی	7
۶۔	چھٹا دن	ہمارے پڑوسی	4.4.5, 4.4.3	پڑوسیوں کے حقوق	9
۷۔	ساتواں دن	شمسی مہینے	4.4.2	مہینوں کا تعارف	11
۸۔	آٹھواں دن	میرا تعارف	4.4.4	خود کی پہچان	12
۹۔	نواں دن	بامعنی الفاظ	4.4.15	حرف سے بامعنی لفظ بنانا	14
۱۰۔	دسواں دن	مکالمہ	4.4.2	مکالمہ	16
۱۱۔	گیارھواں دن	خاموش خوانی/ بلند خوانی	4.4.6	خاموش خوانی اور بلند خوانی	18
۱۲۔	بارھواں دن	یہ / وہ	4.4.5	نزدیک/ دور کا تصور	20
۱۳۔	تیرھواں دن	ہمدردی	4.4.8	جذبہ باہمی ہمدردی	22
۱۴۔	چودھواں دن	تشدید اور نونِ غنہ	4.4.4	مشدد اور نونِ غنہ والے الفاظ	24
۱۵۔	پندرھواں دن	اسم کی قسمیں	4.4.11	اسم کی پہچان	25
۱۶۔	سولھواں دن	واحد-جمع	4.4.11	واحد-جمع کا تصور	27
۱۷۔	سترھواں دن	ماں باپ	4.4.3	والدین سے محبت وعظمت	28
۱۸۔	اٹھارھواں دن	لفظی اہرام	4.4.14	لفظی اہرام کا تصور	30
۱۹۔	اُنیسواں دن	دل سے پیارا وطن	4.4.3	حب الوطنی کا جذبہ	31
۲۰۔	بیسواں دن	زمانے	4.4.4	زمانے کی قسموں سے واقفیت	33

پہلا دن

حمد

مہارت/تصوّر : قدرتی نظاروں اور چیزوں سے واقفیت

آؤ معلوم کریں۔

✳ قدرت نے ہمیں زندگی میں کیا کیا دیا ہے، اس حمد کے ذریعے دیکھیں گے۔

سبھی درد تیرے ، دوا بھی ہے تیری — بقا بھی ہے تیری ، قضا بھی ہے تیری
مہکتی ہیں کلیاں ترا نام لے کر — پرندوں کے منہ میں ثنا بس ہے تیری
بہت خوب صورت ہے پھولوں کی کیاری — معطّر ہوا بھی فضا بھی ہے تیری
جدھر بھی میں دیکھوں ہیں جلوے ہی تیرے — جلالی ، جمالی ادا بھی ہے تیری
زمیں چاند تارے سمندر بھی سارے — ستاروں کی دلکش رِدا بھی ہے تیری
یہ رنگین تتلی بھی تیرے ہی دم سے — یہ بخشش عنایت عطا بھی ہے تیری

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ درج بالا حمد کو انفرادی اور اجتماعی طور پر ترنم سے پڑھیے اور ریکارڈ کیجیے۔

آؤ مشق کریں۔

✳ صحیح جواب کے گرد دائرہ بنائیے۔

۱۔ حمد کسے کہتے ہیں؟

(الف) خدا کی تعریف (ب) نبیؐ کی تعریف (ج) صحابیؓ کی تعریف

۲۔ ستاروں کی دلکشی ۔

(الف) قضا (ب) رِدا (ج) نِدا

۳۔ ثنا کے معنی کیا ہیں؟

(الف) دعا (ب) عبادت (ج) تعریف

۴۔ مہکتی ہیں ..... ترا نام لے کر

(الف) ندیاں (ب) کلیاں (ج) معطر

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ اپنے اطراف کے ماحول کا بغور مشاہدہ کیجیے اور خدا نے ہمیں جو نعمتیں عطا کی ہیں، ان کا تذکرہ جماعت میں کیجیے۔

دوسرا دن

مور

مہارت/تصوّر : مختلف پرندوں کی آوازوں کی شناخت۔

آؤ معلوم کریں۔

✳ مندرجہ ذیل اقتباس پڑھ کر والدین یا اساتذہ سے اقتباس سے متعلق گفتگو کیجیے۔



مور ہمارا قومی پرندہ ہے۔ یہ عام طور پر چار فٹ لمبا ہوتا ہے۔ اس کی گردن لمبی اور رنگ گہرا سبز اور چمکدار ہوتا ہے۔ برسات میں جب بادل آتے ہیں تو مور اپنی لمبی دم کو پیچھے کی طرف پھیلا کر خوشی سے ناچتا ہے۔ یہ سفید رنگ کا بھی ہوتا ہے۔ مور کے ناچ کا منظر بڑا ہی دلکش ہوتا ہے۔ مور بھارت کے علاوہ سری لنکا اور افریقہ میں بھی پایا جاتا ہے۔

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ مختلف پرندوں کی آوازیں نکالیے۔ جیسے طوطا، مرغا، کوئل وغیرہ۔

آؤ مشق کریں۔

✳ سوالوں کے جواب لکھیے۔

۱۔ ہمارے قومی پرندے کا نام لکھیے۔ جواب : .....

۲۔ مور کی ناچ کا منظر کیسا ہوتا ہے؟ جواب : .....

۳۔ مور بھارت کے علاوہ اور کہاں پایا جاتا ہے؟ جواب : .....

✳ آوازوں کی مناسبت سے جوڑیاں لگائیے۔

الف				
ب	کوٗ کوٗ	غٹرغوں	ککڑوں کوں	ٹیں ٹیں

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ مور کے علاوہ آپ کن کن پرندوں کی آوازیں جانتے ہیں؟ آوازیں سناؤ۔

تیسرا دن

کسان

مہارت/تصوّر : کہانی سننا اور سمجھنا۔

آؤ معلوم کریں۔

یہ وہ شخص ہے جو ہمارے لیے کھیت میں اناج، سبزیاں، پھل وغیرہ اُگاتا ہے، اس کی حفاظت کرتا ہے، کھاد پانی دیتا ہے اور ہمیں یہ تمام چیزیں مہیا کراتا ہے۔ آیئے اس کی چھوٹی سی کہانی سنیں گے اور پڑھیں گے۔



ایک دن کسان کھیت کے ایک کونے میں پودا لگانے کے لیے گڑھا کھود رہا تھا کہ اچانک ٹھن کی آواز آئی۔ اس کی کُدال کسی سخت چیز سے ٹکرا گئی تھی۔ اس کی بیوی نے جلدی جلدی کھدی ہوئی مٹی کو نکالنا شروع کیا۔ مٹی ہٹانے کے بعد انھیں وہاں کوئی چیز چمکتی ہوئی دِکھائی دی۔ کسان نے دو چار کُدالیں چلا کر مٹی کو اور ڈھیلا کیا۔ اب جو مٹی ہٹائی گئی تو انھیں وہاں پیتل کا ایک گھڑا دِکھائی دیا۔ گھڑے کے منہ پر کپڑا بندھا ہوا تھا۔ کسی خیال سے کسان کی آنکھیں چمک اُٹھیں۔ اس نے بیوی سے کہا، ''کہیں اس میں کوئی خزانہ تو نہیں؟''

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ **اس کہانی کو پڑھنے اور سننے کے بعد والدین اور اساتذہ سے مزید معلومات اخذ کیجیے۔**

۱۔ گیہوں سے تیار ہونے والی اشیا کے نام معلوم کیجیے۔

۲۔ چاول سے تیار ہونے والی اشیا کے نام معلوم کیجیے۔

آؤ مشق کریں۔

✳ **سوالوں کے جواب لکھیے۔**

۱۔ کھیت کے کونے میں کسان کیا لگا رہا تھا؟ **جواب :** .....

۲۔ کسان کی آنکھیں کیوں چمک اُٹھیں؟ **جواب :** .....

۳۔ کسان نے بیوی سے کیا کہا؟ **جواب :** .....

✳ درج ذیل سبزیوں کے ناموں کو مناسب خانوں میں لکھیے۔

گاجر ، بھنڈی ، بیگن ، مولی ، آلو ، مرچ ، لہسن ، گوبھی ، ٹماٹر

زمین کے اندر پیدا ہونے والی سبزیاں	زمین کے اوپر پیدا ہونے والی سبزیاں
.....	.....
.....	.....
.....	.....
.....	.....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ اپنے گھر کے گملے میں ایک پودا لگائیے اور اس کا مشاہدہ کیجیے کہ وہ کس طرح نشوونما پاتا ہے۔ اپنے والدین، اساتذہ اور ساتھیوں سے اس کا تذکرہ کیجیے۔

جواب : .....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

چوتھا دن

برسات

مہارت/تصوّر : بارش کے منظر سے لطف اندوزی۔

آؤ معلوم کریں۔



✳ ہم نے پڑھا ہے سال کے تین موسم ہوتے ہیں؛ موسمِ سرما، موسمِ گرما، موسمِ برسات

آ گئی ٹھنڈی ہوا برسات کی — چھا گئی کالی گھٹا برسات کی
دَل کے دَل بادل اُمنڈ کر آ گئے — اور سارے آسماں پر چھا گئے
اے لو ، وہ گرجے ، وہ آئیں بوندیاں — دید کے قابل ہے یہ سارا سماں
لو ، وہ چھینٹے زور سے آنے لگے — پانی ، پرنالے بھی برسانے لگے
وہ گرج بادل کی ، وہ بارش کا زور — شہر کی گلیوں میں وہ بچوں کا شور
بے تحاشا دوڑتے پھرتے ہیں یہ — اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں جب گرتے ہیں یہ

ناؤ کاغذ کی بناتا ہے کوئی
گیت ساوَن کے سناتا ہے کوئی

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ چوتھی جماعت کی درسی کتاب کی نظم نمبر ا کو انٹرنیٹ یا دِکشا ایپ پر تلاش کر کے ترنم سے پڑھیے اور آپ کی آواز میں اپنے موبائل میں ریکارڈنگ کیجیے۔

آؤ مشق کریں۔

✳ مصرع مکمل کیجیے۔

ا۔ دَل کے دَل بادل .....

۲۔ دید کے قابل ہے .....

✳ برسات کے بعد کون سا موسم آتا ہے؟ جواب : .....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ بارش کا لطف ہم اور کس طرح اُٹھا سکتے ہیں؟

جواب : .....

پانچواں دن

اکبر بیربل

مہارت/تصوّر : حاضر جوابی

آؤ معلوم کریں۔

بادشاہ اکبر اور ان کے وزیر بیربل کے قصے بہت مشہور ہیں۔ بیربل بہت ذہین، عقل مند اور حاضر جواب وزیر تھے۔ چلیے اسی طرح کی ان کی کہانی 'کتنے پیالے پانی' پڑھتے اور سنتے ہیں۔ بڑا مزہ آئے گا۔

اکبر بادشاہ کے دربار میں کئی وزیر تھے۔ ان میں ایک بیربل بھی تھے جو بہت عقل مند تھے۔ ان کی عقل مندی کے کئی قصے مشہور ہیں۔ بادشاہ انھیں آزمانے کے لیے اکثر عجیب وغریب سوال کرتے تھے۔ بیربل بڑے حاضر جواب تھے۔ وہ ہر سوال کا ایسا جواب دیتے کہ سب واہ واکرنے لگتے۔ ایک دن بادشاہ اپنے باغ میں حوض کے کنارے بیٹھے تھے۔ حوض میں رنگ برنگی مچھلیاں تیر رہی تھیں۔ بادشاہ کو بڑا مزہ آرہا تھا۔ بادشاہ کے ساتھ ان کے بہت سے وزیر بھی مچھلیوں کے تیرنے کا تماشا دیکھ رہے تھے۔ اچانک بادشاہ کو مذاق سوجھا۔ انھوں نے وزیروں سے کہا، ''اگر کوئی یہ بتادے کہ اس حوض میں کتنے پیالے پانی ہے تو اسے ہم ایک ہزار اشرفیاں انعام میں دیں گے۔'' وزیر ایک دوسرے کے منہ تکنے لگے۔ کیا جواب دیں۔ اتنے بڑے حوض کے پانی کو کس طرح پیالے سے ناپا جائے؟ ایسا پیالہ کہاں ملے گا؟ بادشاہ نے وزیروں پر نظر ڈالی۔ سب نظریں جھکائے خاموش کھڑے تھے۔ ایک طرف بیربل بھی کھڑے نظر آئے۔ بادشاہ مسکرائے۔ انھوں نے بیربل کو چھیڑتے ہوئے کہا، ''کیوں بیربل! تم تو بہت عقل مند ہو۔ اتنے معمولی سوال کا جواب نہیں دے سکتے؟'' بیربل نے کہا، ''حضور! یہ سوال آپ نے سب سے پوچھا ہے۔ پہلے اور لوگ اس کا جواب دیں۔ بندہ سب سے آخر میں جواب دے گا۔''

ایک وزیر نے کہا، ''بیربل! ہم سب کی طرف سے آپ ہی اس سوال کا جواب دیجیے۔'' بیربل نے سب کی اجازت پاکر بادشاہ سے کہا، ''حضور! پہلے یہ بتائیے پانی ناپنے کا پیالہ کتنا بڑا ہوگا؟'' بادشاہ نے کہا، ''آپ جتنا بڑا پیالہ لینا چاہیں، لے لیجیے۔'' بیربل نے جواب دیا، ''پھر جواب سنیے حضور! اگر پیالہ آدھے حوض کے برابر ہوگا تو حوض میں دو پیالے پانی ہے۔ اگر چوتھائی ہوگا تو چار پیالے، اگر پیالہ حوض کا ہزارواں حصہ ہوگا تو ہزار پیالے پانی ہوگا۔ آپ چاہیں تو پیالہ منگوا کر پانی ناپ سکتے ہیں۔'' بیربل کا جواب سن کر بادشاہ لاجواب ہوگئے اور ان کو ہزار اشرفیاں انعام میں دیں۔

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ اس کہانی کو پڑھیے اور اس طرح کی مزید کہانیاں دادی امّاں سے سنیے۔ اپنے ساتھیوں کو سنائیے۔ اس کہانی کو دکشا ایپ کے ذریعے بھی سنا جا سکتا ہے۔

آؤ مشق کریں۔

۱۔ بادشاہ ندی کنارے بیٹھ کر کیا دیکھ رہے تھے؟


جواب : .....

۲۔ بادشاہ نے کیا سوال کیا؟

جواب : .....

✳ خاکہ مکمل کیجیے۔

بیربل کی دو خوبیاں



✳ صحیح جواب کے سامنے صحیح (✓) کا نشان لگائیے۔

۱۔ بادشاہ کے ساتھ ان کے وزیر .....

(الف) مذاق کر رہے تھے۔

(ب) مچھلیوں کے تیرنے کا تماشا دیکھ رہے تھے۔

(ج) حوض کے پانی کو دیکھ رہے تھے۔

۲۔ بیربل نے کہا، ''اگر پیالہ آدھے حوض کے برابر ہوگا تو حوض میں .....

(الف) دو پیالے پانی ہے۔ (ب) چار پیالے پانی ہے۔

(ج) تین پیالے پانی ہے۔

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ پانی کو ناپنے کی اکائی کیا ہے؟

جواب : .....

چھٹا دن

ہمارے پڑوسی

مہارت/تصوّر : پڑوسیوں کے حقوق

آؤ معلوم کریں۔

✳ آپ کے پڑوس کا جائزہ لے کر معلوم کیجیے کہ دائیں جانب اور بائیں جانب کون سے پڑوسی رہتے ہیں۔ شاعر ظفر گورکھپوری نے اپنی نظم 'ہمارے پڑوسی' میں بتایا کہ ان کے پڑوسی کتنے مل جل کر رہتے ہیں، وہ کیا کیا کرتے ہیں۔ آیئے اس نظم کا مطالعہ کریں۔ نظم کو دکشا ایپ کی ویڈیو لنک کے ذریعے سنیے اور پڑھیے۔



بڑے سیدھے سادے ہمارے پڑوسی
خدا سب کو دے ایسے پیارے پڑوسی

کئی سال کی ان سے ہے آشنائی
کبھی کوئی جھگڑا نہ کوئی لڑائی

ہمیں بھی خیال ان کا رہتا بہت ہے
اور ان کو بھی ہم پر بھروسا بہت ہے

کوئی چیز کم ہو تو وہ ہم سے لے لیں
ضرورت پہ ہر چیز وہ ہم کو دے دیں

جو تہوار آئے تو گھر پر بلائیں
تواضع کریں اور عزّت بڑھائیں

وہ رکھتے ہیں اپنا کھلا دل ہمیشہ
خوشی اور غم میں ہیں شامل ہمیشہ

کچھ ان کے ہیں بچے کچھ اپنے ہیں بچے
طریقوں میں بہتر، سلیقوں میں اچھے

نہ جھگڑیں، نہ روٹھیں نہ غصہ دِکھائیں
سب اک ساتھ کھیلیں، ہنسیں، مسکرائیں

ہم ان کے مددگار اور وہ ہمارے
یہ دکھ سکھ کے رشتے بھی کتنے ہیں پیارے

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ آپ نے دیکھا اور سنا کہ شاعر ظفر گورکھپوری کی نظم میں پڑوسی کتنے مل جل کر، سکھ دکھ کے ساتھی بن کر، تمام بچے سلیقہ مندی کے ساتھ رہتے ہیں۔ اس طرح کی سمجھ داری سے ہمیں بھی اپنے پڑوسیوں کے ساتھ رہنا چاہیے۔



آؤ مشق کریں۔

✳ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

۱۔ شاعر کے پڑوسی کیسے ہیں؟

جواب : .....

۲۔ شاعر اپنے پڑوسیوں کو کب سے جانتا ہے؟

جواب : .....

۳۔ شاعر نے پڑوس کے بچوں کے بارے میں کیا کہا ہے؟

جواب : .....

۴۔ آپ کے دو پڑوسی کے نام لکھیے۔

جواب : .....

۵۔ آپ کے پڑوسی کیسے ہیں؟

جواب : .....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ آپ کے پڑوسی کے بارے میں چند جملے تحریر کیجیے۔

.....

.....

.....

.....

.....

.....

✳ پڑوسی کے حقوق کے بارے میں اپنے استاد سے معلومات حاصل کیجیے۔

ساتواں دن

شمسی مہینے

مہارت/تصوّر : شمسی مہینوں کا تعارف

آؤ معلوم کریں۔

✳ آپ جانتے ہیں کہ سال میں بارہ مہینے ہوتے ہیں۔ ایک سال میں دنوں کی تعداد ۳۶۵ تا ۳۶۶ ہوتی ہے۔ ہر مہینے میں دنوں کی تعداد ایک جیسی نہیں ہوتی بلکہ کچھ مہینے ۳۰ دنوں اور کچھ مہینے ۳۱ دنوں کے ہوتے ہیں۔ البتہ فروری کا مہینہ ۲۸ یا ۲۹ دنوں کا ہوتا ہے۔ آیئے ہم بطور اعادہ تمام سال کے مہینوں کی معلومات حاصل کرتے ہیں۔

۱۔ جنوری (۳۱ دن)	۲۔ فروری (۲۹/۲۸ دن)	۳۔ مارچ (۳۱ دن)	۴۔ اپریل (۳۰ دن)
۵۔ مئی (۳۱ دن)	۶۔ جون (۳۰ دن)	۷۔ جولائی (۳۱ دن)	۸۔ اگست (۳۱ دن)
۹۔ ستمبر (۳۰ دن)	۱۰۔ اکتوبر (۳۱ دن)	۱۱۔ نومبر (۳۰ دن)	۱۲۔ دسمبر (۳۱ دن)

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ جاری سال کے کیلنڈر کی مدد سے مہینوں میں دنوں کی تعداد کتنی ہے، معلوم کر کے اپنی اپنی بیاض میں لکھیے۔

آؤ مشق کریں۔

✳ جون کے مہینے میں دنوں کی تعداد کتنی ہے؟ جواب : .....

✳ دنوں کی تعداد لکھیے۔

جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
.....	.....	.....	.....	.....	.....	.....	.....	.....	.....	.....	.....

✳ مہینوں کے نام انگریزی میں لکھیے۔

۱) ..... ۲) ..... ۳) ..... ۴) .....

۵) ..... ۶) ..... ۷) ..... ۸) .....

۹) ..... ۱۰) ..... ۱۱) ..... ۱۲) .....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ قومی تہواروں سے متعلق اپنی رائے اپنی بیاض میں لکھیے۔

آٹھواں دن

میرا تعارف

مہارت/تصوّر : خود کی پہچان

آؤ معلوم کریں۔

✳ خود کے متعلق تعارف دینے کو خود کی پہچان کہا جاتا ہے۔

ہدایت : اساتذہ/ والدین پہلے اپنا تعارف پیش کریں۔

✳ خود کی پہچان

۱۔ میرا نام دانش ہے۔
۲۔ میرے والد کا نام واجد ہے۔
۳۔ میری والدہ کا نام یاسمین ہے۔
۴۔ میں پانچویں جماعت کا طالب علم ہوں۔
۵۔ میرا پسندیدہ مشغلہ کرکٹ کھیلنا ہے۔

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ دوست کا تعارف

۱۔	دوست کا نام	:	میرے دوست کا نام شیخ حمزہ ہے۔
۲۔	والد کا نام	:	حمزہ کے والد کا نام شیخ عارف ہے۔
۳۔	والدہ کا نام	:	حمزہ کی والدہ کا نام فریدہ بی ہے۔
۴۔	مشغلہ	:	حمزہ کا مشغلہ پڑھائی کرنا اور کرکٹ کھیلنا ہے۔
۵۔	آپ دونوں میں یکسانیت	:	حمزہ اور میں بہت سا وقت ساتھ پڑھائی میں صرف کرتے ہیں۔ شام ہونے پر ہم ساتھ میں کرکٹ کھیلنے جاتے ہیں۔

آؤ مشق کریں۔

ہدایت : اساتذہ اور والدین طلبہ کی بولنے کی صلاحیت کو دھیان میں رکھتے ہوئے درج ذیل سرگرمی بطور اعادہ لیں۔

✳ ہمارے پڑوسی اس عنوان کے تحت آپ کے کسی ایک پڑوسی کا تعارف پوچھ کر لکھیے۔

پڑوسی کا نام : .....

عمر : .....

پیشہ : .....

گھر میں کل افراد کی تعداد : .....

کل مرد حضرات : .....

کل خواتین : .....

✳ درج ذیل خاکہ مکمل کیجیے۔

۱۔ میرا نام ..... ہے۔

۲۔ میرے والد کا نام ..... ہے۔

۳۔ میری والدہ کا نام ..... ہے۔

۴۔ میں ..... جماعت میں پڑھتا ہوں/ پڑھتی ہوں۔

۵۔ مجھے ..... بہت پسند ہے۔

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ اپنے محلے یا آس پاس کے کسی دو پڑوسیوں کے متعلق معلومات حاصل کیجیے۔

✳ آپ اپنے کسی دو دوست کا زبانی تعارف پوچھیے۔



نواں دن

بامعنی الفاظ

مہارت/تصوّر : حرف سے بامعنی الفاظ کہنا۔

آؤ معلوم کریں۔

* لفظ کی ابتدا حرف سے ہوتی ہے۔ایک حرف سے بہت سے بامعنی الفاظ بنتے ہیں۔ذیل میں ابتدائی حرف سے بامعنی الفاظ بنائے گئے ہیں۔

د : دس دماغ دروازہ در دال داخل دام دفن دفتر دم

ج : جام جگہ جمنا جابر جلگاؤں جشن جادو جلوس جگر جگہ

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

* ذیل میں دو حرف دیے گئے ہیں۔آپ اِن حرفوں پر مبنی دس دس بامعنی الفاظ لکھیے۔

م : .....

چ : .....

آؤ مشق کریں۔

* 'د' سے شروع ہونے والے پانچ الفاظ لکھیے۔

جواب : .....

* 'ن' سے شروع ہونے والے پانچ الفاظ لکھیے۔

جواب : .....

* مندرجہ ذیل حروف جوڑ کر بامعنی الفاظ بنائیے۔

۱۔ ک س ا ن = ...

۲۔ گ ل ل اب ان ی = ...

۳۔ ب اغ ب ان = ...

۴۔ ر ا ج ت = ...

۵۔ بھ ا ر ی = ...

✳ مندرجہ ذیل بے ترتیب حروف کا استعمال کر کے بامعنی الفاظ بنائیے۔

۱۔ د ا س ر ر = ... ۲۔ غ م ی ر = ...

۳۔ ر و م = ... ۴۔ د ا ل ب = ...

۵۔ ر س ب ا ت = ... ۶۔ ک ش ر = ...

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ ن، و، ح، ر، خ، ک، ل، ب، ش اور ص سے شروع ہونے والے پانچ پانچ بامعنی لفظ بتائیے اور انھیں یکجا کیجیے اور لکھیے۔

جواب : .....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

دسواں دن

مکالمہ

مہارت/تصوّر :	مکالمہ

آؤ معلوم کریں۔

✳ دو یا دو سے زیادہ لوگوں کے درمیان ایک موضوع پر کی جانے والی گفتگو کو 'مکالمہ' کہتے ہیں۔

ہدایت : معلم دو طلبہ کو سامنے بلائے اور چند مانوس مواقع کے بارے میں ان سے گفتگو کریں۔ مثلاً کوئی بزرگ آپ سے کوئی کام کہیں اور آپ مصروف ہوں تو کس طرح جواب دیں گے؟

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ درج ذیل مکالمہ پڑوس والی عورت (خالہ) اور حسّان کے درمیان ہو رہا ہے۔

عورت : حسان بیٹے، میرا ایک کام کر دو۔

حسان : ضرور خالہ جان، فرمائیے۔

عورت : یہ لو تھیلی اور پیسے۔ ذرا دوڑ کے برابر کی دکان سے ٹماٹر لا دو۔

حسان : معاف کیجیے خالہ جان، میں نہیں جا سکتا۔ امّی زینب کو لے کر ڈاکٹر کے پاس گئی ہیں اور مجھ سے کہا ہے کہ میں گھر ہی میں رہوں۔

عورت : مجھے تو بڑی سخت ضرورت ہے۔

حسان : تو پھر آپ ہمارے گھر رُک جائیے۔ میں ٹماٹر لا دیتا ہوں۔

عورت : نہیں، میں تو ہانڈی چولھے پر چڑھا کر آئی ہوں۔

حسان : تو پھر امّی کے آنے کے بعد میں آپ کو ٹماٹر لا دوں گا۔

آؤ مشق کریں۔

✳ سوالوں کے جواب لکھیے۔

۱۔ یہ مکالمہ کن کے درمیان ہوا؟

جواب : .....

۲۔ خالہ (عورت) نے حسان کو تھیلی اور پیسے کیوں دینا چاہا؟

جواب : .....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ اپنے کسی دو پڑوسی سے کسی موضوع پر مکالمہ کیجیے۔

جواب : .....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

گیارھواں دن

خاموش خوانی / بلند خوانی

مہارت/تصوّر : خاموش خوانی / بلند خوانی

آؤ معلوم کریں۔

* سرپرستوں/اساتذہ کو چاہیے کہ وہ طلبہ کی پڑھائی اور سرگرمی کی انجام دہی میں ان کی مدد کریں۔
* نظم مترنم آواز اور حرکات وسکنات کے ساتھ پیش کیجیے۔



آؤ اوپر ہاتھ اُٹھائیں اوپر سے پھر نیچے لائیں
دائیں بائیں آگے پیچھے آگے پیچھے اوپر نیچے
پورب پچھّم ، دکشن اُتّر چاروں سمت سے آگے جائیں
اُچھلیں ، کوُدیں ، دوڑ لگائیں دوڑ میں سب سے آگے جائیں
دکھ کی بات ہنسی میں بھوُلیں
چوٹ لگے تو ہنس کر ٹالیں

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

* درج ذیل نظم کو طلبہ از خود حرکات وسکنات اور ترنم سے پڑھیں گے اور عملی مظاہرہ کریں۔

جاگو سونے والو جاگو وقت کو کھونے والو جاگو
باغ میں چڑیاں بول رہی ہیں کلیاں آنکھیں کھول رہی ہیں
پھول خوشی سے جھوم رہے ہیں پتوں کا منہ چوم رہے ہیں
جاگ اُٹھے دریا اور نہریں جاگ اُٹھیں موجیں اور لہریں
منڈی کے مزدور بھی جاگے دوڑ رہے ہیں پیچھے آگے
ساری دنیا جاگ رہی ہے
کام کی جانب بھاگ رہی ہے

آؤ مشق کریں۔

✳ مندرجہ ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط، پڑھ کر پہچانیے اور صحیح / غلط کا نشان لگائیے۔

۱۔ بچے چاروں سمت چکر لگا رہے ہیں۔ ( )

۲۔ منڈی کے مزدور نہیں جاگے ہیں۔ ( )

۳۔ چڑیاں آنکھیں کھول رہی ہیں۔ ( )

۴۔ سر اونچا ہو پیچھے دیکھیں ( )

۵۔ دکھ کی بات ہنسی میں ٹالیں ( )

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ جاگ اُٹھے دریا اور نہریں
جاگ اُٹھیں موجیں اور لہریں

سوال : کیا دریا، نہریں، موجیں اور لہریں بھی سوتی اور جاگتی ہیں؟
سرپرست / اساتذہ سے اس تعلق سے سیر حاصل بحث کیجیے۔

جواب : .....

.....

.....

بارھواں دن

یہ / وہ

مہارت/تصوّر : نزدیک اور دور کا تصور۔ یہ/ وہ کا استعمال کر کے جملے بنانا اور پڑھنا۔

آؤ معلوم کریں۔

* سرپرستوں/ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ طلبہ کی پڑھائی میں ان کی مدد کریں۔
* یہ/ وہ کا صحیح استعمال کرنے میں مدد کریں۔

نزدیک والی اشیا کو دِکھانے کے لیے ’ یہ ‘ اور دور کی اشیا کو دکھانے کے لیے ’ وہ ‘ کا استعمال کرتے ہیں۔

۱۔ وہ آسمان میں تارے جگمگا رہے ہیں۔

۲۔ یہ میرا گھر ہے۔

۳۔ وہ ہوائی جہاز اُڑ رہا ہے۔

۴۔ یہ پھل لے لو۔

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

* سرپرست/ اساتذہ کی رہنمائی میں طلبہ انفرادی طور پر ’یہ/ وہ‘ کا استعمال کر کے جملے کہیں گے اور کچھ طلبہ اس کو لکھیں گے۔ بعدازاں اس کی انفرادی اور اجتماعی پڑھائی ہوگی۔

۱۔ وہ سورج چمک رہا ہے۔

۲۔ وہ کوئل اُڑ رہی ہے۔

۳۔ یہ میرا بھائی ہے۔

۴۔ وہ دھنک دیکھو۔

آؤ مشق کریں۔

* مندرجہ ذیل خالی جگہ میں ’یہ/ وہ‘ کا صحیح استعمال کر کے خالی جگہ پُر کیجیے۔

۱۔ ..... عرب کے مشہور سردار کی بیٹی تھیں۔

۲۔ ..... میرا دایاں ہاتھ ہے۔

۳۔ ..... دیکھو چاند۔

۴۔ ..... میرا انگوٹھا ہے۔

✳ صحیح جوڑی لگا کر بامعنی جملے بنائیے۔

وہ	جا	رہا ہے۔
تم	دیکھ	رہے ہو۔
میں	پڑھ	رہا ہوں۔
	سن	
	اُتر	

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ اگر ہم 'یہ' کی جگہ 'وہ' اور 'وہ' کی جگہ 'یہ' استعمال کریں گے تو کیا ہوگا؟

اپنے سرپرستوں/اساتذہ کی رہنمائی میں بحث و مباحثہ کیجیے۔

تیرھواں دن

ہمدردی

مہارت/تصوّر : نظم سے لطف اندوزی/ باہمی ہمدردی کا جذبہ

آؤ معلوم کریں۔

✳ ہمت اور حوصلے کے ساتھ زندگی گزارنا اور دوسروں کی مدد کس طرح کریں۔

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا — بُلبل تھا کوئی اُداس بیٹھا
کہتا تھا کہ رات سر پہ آئی — اُڑنے چگنے میں دن گزرا
پہنچوں کس طرح آشیاں تک — ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا
سن کر بلبل کی آہ و زاری — جگنو کوئی پاس ہی سے بولا
حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے — کیڑا ہوں اگرچہ میں ذرا سا
کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری — میں راہ میں روشنی کروں گا
اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل — چمکا کے مجھے دِیا بنایا



ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ جماعت میں طلبہ کے گروپ بنا کر دو طلبہ اس نظم کو اس طرح پڑھیں گے کہ ایک مصرع ایک طالب علم پڑھے اور دوسرا مصرع دوسرا طالب علم۔

آؤ مشق کریں۔

✳ مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔

تنہا ..... شجر ..... اُداس .....

مشعل ..... آشیاں ..... راہ .....

✳ درج ذیل الفاظ کی مدد سے جوڑیاں مکمل کیجیے۔

(ٹہنی ، جان ، دِیا ، چگنا ، رات)

شجر	اُڑنا			چمکتا
		اندھیری	دل	

✳ اپنے جملوں میں بتائیے کہ ...

۱۔ بُلبل اُداس کیوں تھا؟ جواب : .....

۲۔ ذرا سا کیڑا کون ہے؟ جواب : .....

۳۔ بُلبل کا دن کیسے گزرا؟ جواب : .....

۴۔ کون لوگ جہاں میں اچھے ہیں؟ جواب : .....

✳ 'دوسروں کے کام آنا' اس پر اپنے خیالات تحریر کیجیے۔

جواب : .....

.....

.....

.....

✳ بُلبل اور جگنو کی گفتگو کو مکالمے کی صورت میں لکھ کر جماعت میں پیش کیجیے۔

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ اسکول کے احاطے میں دن بھر کی سرگرمیوں کے دوران آپ کون سے اچھے کام کریں گے؟ ان کی فہرست بنائیے۔

جواب : .....

.....

.....

.....

چودھواں دن

تشدید اور نونِ غُنّہ

مہارت/تصوّر : مشدد الفاظ اور نون غنہ والے الفاظ کی پڑھائی۔

آؤ معلوم کریں۔

* سرپرست/اساتذہ مشدد الفاظ کسے کہتے ہیں طلبہ سے پوچھتے ہیں اور سرگرمی کی انجام دہی میں ان کی مدد کرتے ہیں۔

مشدد الفاظ : جن الفاظ پر تشدید ہوتی ہے ان کو مشدد الفاظ کہتے ہیں۔ مثال : تصوّر ، بچّوں ، مکّہ ، تعجّب ، چکّر ، بھیّا ، تقرّر

نونِ غنہ والے الفاظ : ایسے الفاظ میں جن میں ' ں ' آتا ہے نون غنہ والے الفاظ کہلاتے ہیں۔
مثلاً : جہاں ، کیوں ، ساماں ، حیواں ، میداں ، ہمیں وغیرہ۔
چاند ، کنوالا ، گنوار ، کنواں وغیرہ۔

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

* سرپرست/اساتذہ کی رہنمائی میں طلبہ انفرادی طور پر مشدد اور نون غنہ والے الفاظ کے کارڈ کو پہچان کر پڑھتے ہیں۔
سیکڑوں ، سیارے ، جواں ، خوبیاں ، بچّے ، ترقّی ، باغباں ، خوش ، زباں ، جہاں ، محبّت ، لٹّو ، حیواں ، تکبّر ، مقدّر

آؤ کریں ۔ آؤ مشق کریں۔

* چار مشدد الفاظ لکھیے ۔ .....
* چار نون غنہ والے الفاظ لکھیے ۔ .....
* درج ذیل الفاظ میں مشدد الفاظ کے گرد دائرہ بنائیے۔

آنسو گنّا توبہ سچّا آواز لسّی گیہوں چوٗہا

* درج ذیل الفاظ میں نون غنہ والے الفاظ کے گرد دائرہ بنائیے۔

جاں مان خان سولھواں زمین جہاں کہاں مہمان

آؤ تخیلاتی بنیں۔

* تمام طلبہ کے دو گروپ بنا کر متعین وقت میں مشدد اور نون غنہ والے الفاظ کہنے کی ہدایت دیں۔

پندرھواں دن

اسم کی قسمیں

مہارت/تصوّر : اسم کی پہچان۔

آؤ معلوم کریں۔

اسم : کسی جاندار، چیز یا جگہ کے نام کو اسم کہتے ہیں۔ مثال : آدمی، عورت، خاتون، خادم، خادمہ، پیغمبر وغیرہ شخص ہیں۔ زیور، کھانا، روپیہ وغیرہ چیزیں ہیں۔ شہر، وطن، دکان، گھر وغیرہ جگہ ہیں۔

اسمِ عام : اگر کسی اسم سے خاص شخص، چیز یا جگہ کی پہچان نہیں ہوتی تو اسے اسمِ عام کہتے ہیں۔ مثلاً مصوّر، شاعر، ڈاکٹر، طوطا، گائے، عورت وغیرہ۔

اسمِ خاص : اگر کسی اسم سے خاص شخص، چیز یا جگہ کی پہچان ہوتی ہے تو اسے اسمِ خاص کہتے ہیں۔ مثلاً تاج محل، کوہِ نور، امجد، زینت، گنگا، ہمالیہ وغیرہ۔

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ درج ذیل اسم کی شخص، چیز اور جگہ میں درجہ بندی کیجیے۔

دانش ، آگرہ ، آئسکریم ، موبائل ، عدنان ، شربت ، مدینہ ، دہلی ، عفت

شخص	چیز	جگہ
.....	.....	.....
.....	.....	.....
.....	.....	.....

آؤ مشق کریں۔

✳ درج ذیل جملوں میں اسم پہچان کر لکھیے۔

۱۔ عفت بہت ذہین ہے۔ (.....)

۲۔ ہم خواجہ نگر میں رہتے ہیں۔ (.....)

۳۔ موبائل کا غلط استعمال مت کرو۔ (.....)

✳ مندرجہ ذیل جملوں میں اسمِ عام اور اسمِ خاص والے الفاظ پہچان کر لکھیے۔

جملے

۱۔ مکہ مکرمہ مسلمانوں کا مقدس مقام ہے۔

۲۔ امیر خسرو صوفی شاعر تھے۔

۳۔ یہ کار کاشف کی ہے۔

۴۔ تنویر پتنگ اُڑا رہا ہے۔

۵۔ صائمہ لائبریری میں پڑھ رہی ہے۔

اسمِ عام	اسمِ خاص

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ اپنے آس پاس نظر آنے والے کوئی تین اسم لکھیے۔

جواب : ....

✳ کوئی تین اسمِ خاص لکھیے۔

جواب : ....

✳ کوئی تین اسمِ عام لکھیے۔

جواب : ....

سولھواں دن

واحد - جمع

مہارت/تصوّر : قواعد (الفاظ کی واحد-جمع)

آؤ معلوم کریں۔

✳ سرپرست/اساتذہ یہ جاننے کی کوشش کریں گے کہ ہمارے طلبہ واحد-جمع سے واقف ہیں یا نہیں اور انھیں واحد-جمع کسے کہتے ہیں اس سے متعلق مع مثال سمجھاتے ہیں۔

کسی ایک چیز/ شے کو واحد کہتے ہیں اور ایک سے زیادہ چیزوں یا اشیا کو جمع کہا جاتا ہے۔

واحد کی مثال - شعر شاعر عالم انعام لڑکا لڑکی طالب

جمع کی مثال - اشعار شعرا علما انعامات لڑکے لڑکیاں طلبہ

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ سرپرست/ اساتذہ طلبہ کے دو گروپ کرتے ہیں اور آزادانہ ماحول میں واحد و جمع والے الفاظ کہنے کو کہتے ہیں۔ پہلا گروپ واحد جبکہ دوسرا گروپ جمع کے الفاظ کہے۔ سرپرست کی رہنمائی میں طلبہ یہ سرگرمی از خود کریں گے۔

پہلا گروپ : لڑکی دوسرا گروپ : لڑکیاں پہلا گروپ : کتاب دوسرا گروپ : کتب

پہلا گروپ : کرسی دوسرا گروپ : کرسیاں پہلا گروپ : ضد دوسرا گروپ : اضداد

آؤ مشق کریں۔

✳ مندرجہ ذیل الفاظ کی واحد یا جمع لکھیے۔

واحد	جمع	واحد	جمع
کھڑکی	.....	انڈا	.....
.....	دروازے	روٹی	.....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ کچھ ایسے الفاظ بھی ہوتے ہیں جنھیں واحد یا جمع میں ایک جیسا لکھا جاتا ہے۔ اپنے سرپرست یا معلم کی رہنمائی میں ایسے الفاظ کا ذخیرہ کیجیے۔

سترھواں دن

ماں باپ

مہارت/تصوّر : والدین سے محبت وعظمت کا تصوّر۔

آؤ معلوم کریں۔

✳ اللہ کی سب سے بڑی نعمت والدین کی قدردانی اور اُن کی عزت وعظمت، احسانات اور ان کی قربانیاں۔

ماں باپ اس جہاں میں سب سے بڑی ہیں دولت سچ پوچھئے تو دونوں اللہ کی ہیں رحمت
ماں باپ کی محبت ملتی ہے کب جہاں میں

ہم کو انھوں نے پالا تو ہم بڑے ہوئے ہیں ہم کو دیا سہارا تو ہم کھڑے ہوئے ہیں
اللہ ! ایسی شفقت ملتی ہے کب جہاں میں

چلنا ہمیں سکھایا ، کھانا ہمیں سکھایا جو ہم نہ جانتے تھے ، اچھا بُرا بتایا
ایسی ہمیں ہدایت ملتی ہے کب جہاں میں

جو کچھ بھی ہم نے پایا ، وہ سب انھیں سے پایا اچھا ہمیں کھلایا ، اچھا ہمیں پہنایا
دی جو انھوں نے راحت ملتی ہے کب جہاں میں

علم و ہنر ، سلیقہ ، سب کچھ ہمیں سکھایا مرضی پہ رب کی چلنا کس پیار سے بتایا
کرتے ہیں یہ جو اُلفت ملتی ہے کب جہاں میں

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ چوتھی جماعت کی درسی کتاب کی نظم نمبر ۳ کو دکشا ایپ اور انٹرنیٹ پر تلاش کر کے پڑھیے اور آپ کی آواز میں اپنے موبائل میں ریکارڈنگ کیجیے۔

آؤ مشق کریں۔

✳ مندرجہ بالا نظم سے ہم آواز الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔

جواب : .....

✳ صحیح الفاظ کے معنی کو (✓) علامت کے ذریعے نشان زد کیجیے۔

مثال : شفقت = راحت (.....) محبت (✓) ہدایت (.....)

ا۔ ہدایت دینا = اشارہ کرنا (.....) ارادہ کرنا (.....) صحیح راستہ بتانا (.....)

۲۔ راحت = چاہت (.....) نیند (.....) آرام (.....)

۳۔ ہنر = مہارت (.....) پیشہ (.....) کام (.....)

✳ اشعار مکمل کیجیے۔

ا۔ ماں باپ کی ..... ملتی ہے کب جہاں میں

۲۔ ایسی ہمیں ..... ملتی ہے کب جہاں میں

۳۔ علم و ہنر ..... سب کچھ ہمیں سکھایا

۴۔ جو ہم نہ جانتے تھے ..... بُرا بتایا

✳ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

ا۔ اللہ کی رحمت کسے کہا گیا ہے؟

جواب : .....

۲۔ ماں باپ نے کس کی مرضی پر چلنا پیار سے بتایا ہے؟

جواب : .....

✳ قوس میں دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے والدین کے بارے میں جملے مکمل کیجیے۔

(بیچ کا دروازہ ، راحت ، جنّت ، فرماں برداری)

ا۔ ماں باپ کے قدموں تلے ..... ہے۔

۲۔ باپ جنّت کے دروازوں میں سے ..... ہے۔

۳۔ ماں باپ بچّوں کو ..... دیتے ہیں۔

۴۔ بچّوں کو والدین کی ..... کرنا لازمی ہے۔

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ والدین کی اہمیت اور ان کی فرمانبرداری پر مبنی کوئی نظم، مکالمہ تلاش کر کے لکھیے اور اپنی جماعت میں سنائیے۔

اٹھارھواں دن

لفظی اہرام

مہارت/تصوّر : لفظی اہرام بنانا۔

آؤ معلوم کریں۔

✳ درج ذیل اہرام پڑھو اور اسی طرح کا ایک اور اہرام بناؤ۔

ندی

ندی بہتی ہے۔

یہ ندی بہتی ہے۔

یہ ندی پہاڑ سے بہتی ہے۔

یہ ندی پہاڑ سے بہتی ہوئی سمندر میں جا ملتی ہے۔

.....

.....

.....

.....

.....

.....

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ دیے گئے لفظ کی مدد سے اہرام بنائیے۔

گلاب

.....

.....

.....

.....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ اپنی پسند کے لفظ کا لفظی اہرام بنائیے اور بیاض میں لکھیے۔

اُنیسواں دن

دل سے پیارا وطن

مہارت/تصوّر : حب الوطن کے جذبے سے سرشار ہونا۔

آؤ معلوم کریں۔

✳ اپنے ملک کو قدرت کی عطا کردہ نعمتوں کا مشاہدہ کریں۔





یہ ہندوستاں ہے ہمارا وطن
محبت کی آنکھوں کا تارا وطن
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن
وہ ہریالے کھیتوں کی تیّاریاں
وہ پھل پھول پودے وہ پھلواریاں
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن
ہوا میں درختوں کا وہ جھومنا
وہ پتوں کا پھولوں کا منہ چومنا
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن
وہ باغوں میں کوئل ، وہ جنگل میں مور
وہ گنگا کی لہریں ، وہ جمنا کا زور
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ درج بالا گیت کو مترنم آواز، حرکات وسکنات کے ساتھ انفرادی/ اجتماعی طریقے سے پڑھ کر اس کی ویڈیو ریکارڈنگ کیجیے۔

آؤ مشق کریں۔

✳ مندرجہ ذیل لفظ کے لیے صحیح لفظ کے گرد دائرہ بنائیے۔

۱۔ پودے کی - (الف) تیاریاں (ب) پھلواریاں (ج) ہوشیاریاں

۲۔ برسات کی - (الف) بہار (ب) پتوار (ج) پھوار

۳۔ جمنا کا - (الف) زور (ب) شور (ج) مور

۴۔ درختوں کا - (الف) چومنا (ب) جھومنا (ج) جھولنا

✳ مندرجہ ذیل چوکون میں ایک لفظ لکھیے۔

درخت	ہمارے	.....
.....	وطن	.....
.....	میں	.....
.....	سب	.....
.....	کچھ	.....
.....	ہے	.....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ انٹرنیٹ کی مدد سے 'وطن سے محبت' پر کوئی نظم/گیت تلاش کیجیے۔ اسے یاد کر کے جماعت میں سنائیے۔

بیسواں دن

زمانے

مہارت/تصوّر : زمانے کی قسموں سے واقفیت۔

آؤ معلوم کریں۔

✳ زمانے کی قسمیں

تعریف : کسی کام کے وقت کو زمانہ کہتے ہیں۔اس کی تین قسمیں ہیں: زمانۂ ماضی، زمانۂ حال، زمانۂ مستقبل۔

۱۔ کسی کام کے گزرے ہوئے زمانے کو زمانۂ ماضی کہتے ہیں۔جیسے: ہم اورنگ آباد گئے تھے۔

۲۔ کوئی کام موجودہ وقت میں ہو رہا ہو تو اس وقت کے زمانے کو زمانۂ حال کہتے ہیں۔
جیسے: ہمیں ان کی آواز سنائی دے رہی ہے۔

۳۔ آئندہ وقت میں ہونے والے کام کے وقت کو زمانۂ مستقبل کہتے ہیں۔
جیسے : یہ گاڑی عثمان آباد جائے گی۔

آؤ اہلیت پیدا کریں۔

✳ مندرجہ ذیل جملوں کے سامنے ان کا زمانہ لکھیے۔

۱۔ وہ عرب کے مشہور شہر خیبر میں رہتے تھے۔ (.....)

۲۔ موٹر گاڑیوں سے آلودگی پھیل رہی ہے۔ (.....)

۳۔ میں تمھیں بھی کھلونے دوں گی۔ (.....)

۴۔ آگرہ کا تاج محل دیکھنے جائیں گے۔ (.....)

۵۔ ہم چہارم جماعت میں پڑھتے تھے۔ (.....)

آؤ مشق کریں۔

✳ صحیح یا غلط، لکھیے۔

۱۔ ''پرندوں کی تعداد گھٹتی جا رہی ہے۔'' یہ جملہ زمانۂ ماضی کا ہے۔ (.....)

۲۔ ''یہ میرے ساتھ کھیلے گا۔'' یہ جملہ زمانۂ حال کا ہے۔ (.....)

۳۔ ''پوری بڑی چالاک تھی۔'' یہ جملہ زمانۂ ماضی کا ہے۔ (.....)

✳ تعریف لکھیے۔

۱۔ زمانۂ حال : .....

.....

۲۔ زمانۂ ماضی : .....

.....

۳۔ زمانۂ مستقبل : .....

.....

آؤ تخیلاتی بنیں۔

✳ اپنی کتاب سے زمانۂ حال، زمانۂ ماضی اور زمانۂ مستقبل کا ایک ایک جملہ لکھیے۔

۱۔ زمانۂ حال : .....

۲۔ زمانۂ ماضی : .....

۳۔ زمانۂ مستقبل : .....



برج کورس - مضمون : ریاضی - پانچویں جماعت

فہرست

دن	جز	آموزشی ماحصل نمبر	صفحہ نمبر
پہلا	ہندسی اشکال - I	ILM - 4.71.07, 4.71.08	36
دوسرا	ہندسی اشکال - II	ILM - 4.71.07	38
تیسرا	اعداد کا پڑھنا اور لکھنا - I	ILM - 4.71.01	39
چوتھا	اعداد کا پڑھنا اور لکھنا - II	ILM - 4.71.02	42
پانچواں	جمع	ILM - 4.71.01, 4.71.02	45
چھٹا	تفریق	ILM - 4.71.01, 4.71.02	48
ساتواں	ضرب - I	ILM - 4.71.03	50
آٹھواں	ضرب - II	ILM - 4.71.03	52
نواں	تقسیم	ILM - 4.71.04	54
دسواں	احاطہ	ILM - 4.71.12	56
گیارھواں	رقبہ اور تہہ کاری	ILM - 4.71.10	58
بارھواں	وقت کی پیمائش	ILM - 4.71.16, 4.71.17, 4.71.18	59
تیرھواں	کیلنڈر	ILM - 4.71.18	61
چودھواں	کسر : تعارف	ILM - 4.71.06	63
پندرھواں	کسر کے الگ الگ مفہوم	ILM - 4.71.06	68
سولھواں	مرکب کسر	ILM - 4.71.06	70
سترھواں	کسروں کا موازنہ اور گروہ کے لحاظ سے کسر	ILM - 4.71.06	72
اٹھارھواں	پیمائش	ILM - 4.71.13, 4.71.14, 4.71.15	74
اُنیسواں	تصویری شماریات	ILM - 4.71.20	76
بیسواں	تواتر	ILM - 4.71.19	77

اساتذہ کے لیے ہدایات:

1) برج کورس کی منصوبہ بندی دن کے حساب سے کی گئی ہے۔ ہر دن میں آؤ سمجھیں، آؤ حل کریں اور آؤ مشق کریں یہ اکائیاں شامل ہیں۔
2) اساتذہ سے توقع ہے کہ آؤ سمجھیں اس حصے کا اعادہ کریں یا ضروری ہو تو آموزش کے ذریعے طلبہ کو سمجھائیں۔
3) آؤ حل کریں اور آؤ مشق کریں یہ حصے طلبہ جماعت میں یا ہوم ورک کے طور پر مکمل کر سکتے ہیں۔

پہلا دن



ہندسی اشکال – I

ذیلی جز : زاویہ، دائرہ


آؤ سمجھیں

زاویہ :


جن جگہوں پر دو خطوط ملے ہوئے دِکھائی دیتے ہیں وہاں زاویہ بنتا ہے۔


میز اور ٹائلوں کے کنارے، گھنٹہ سوئی اور منٹ سوئی اِن میں دِکھایا گیا زاویہ **قائمہ زاویہ** ہے۔




گھنٹہ سوئی اور منٹ سوئی میں دِکھائی دینے والا **حادّہ زاویہ** ہے۔ وہ قائمہ زاویہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔




گھنٹہ سوئی اور منٹ سوئی میں دِکھائی دینے والا زاویہ **منفرجہ زاویہ** ہے۔ وہ قائمہ زاویہ سے بڑا ہوتا ہے۔


دائرہ :




دائرہ کا مرکز (الف)



وتر (ب ج)



قطر (د ہ)




نصف قطر (الف و)

آؤ حل کریں

❖ ذیل کی شکل کا مشاہدہ کر کے نیچے چوکون میں قائمہ زاویہ، حادّہ زاویہ اور منفرجہ زاویہ میں سے مناسب زاویہ کا نام لکھیے۔




❖ دیے ہوئے دائرہ کا ' م ' مرکز ہو تو دائرے میں کتنے نصف قطر دِکھائے گئے ہیں؟



آؤ مشق کریں

❖ اپنے اردگرد پائی جانے والی مختلف شکلوں میں زاویہ تلاش کیجیے۔ اس کی فہرست بنائیے۔

❖ ذیل کے دائرہ کے مختلف حصوں کو بنا کر ان کو نام دیجیے۔



❖ آپ کے گھر کی کون کون سی چیزوں میں قائمہ زاویہ دِکھائی دیتا ہے؟ ان چیزوں کے نام لکھیے۔

(1 ..... (2 .....




(3 ..... (4 .....

(5 ..... (6 .....

ہندسی اشکال - II


ذیلی جز : ہندسی اشکال کے راسی نقاط اور ان کے نام

آؤ سمجھیں

	**مستطیل :** مستطیل کے مقابل کے ضلعے مساوی لمبائی کے ہوتے ہیں۔ تمام زاویے قائمہ زاویے ہوتے ہیں۔ دی گئی شکل میں ک، ب، ج، د مستطیل کے راسی نقطے ہیں۔ ضلع ک ب، ضلع ب ج، ضلع ج د اور ضلع ک د مستطیل کے ضلعے ہیں۔
	**مربع :** مربع کے تمام ضلعے مساوی لمبائی کے ہوتے ہیں اور تمام زاویے قائمہ زاویے ہوتے ہیں۔ مقابل کی شکل میں ن ، ص ، ر ، ت مربع کے راسی نقطے ہیں۔ ص ن ، ص ر، ت ر ، ت ن یہ مربع کے ضلعے ہیں۔
	**مثلث :** مثلث کے تین راسی نقطے اور تین ضلعے ہوتے ہیں۔ ل ، م ، ن مثلث کے راسی نقطے ہیں۔ ضلع ل م ، ضلع م ن ، ضلع ل ن مثلث کے ضلعے ہیں۔

آؤ حل کریں




❖ اشکال کا مشاہدہ کر کے جدول مکمل کیجیے۔



	۱	۲	۳	۴	۵	۶
چار ضلعے	✓					
چار کونے	✓					
مقابل کے ضلعے مساوی لمبائی کے	✓					
تمام ضلعے مساوی لمبائی کے	✓					

آؤ مشق کریں

❖ ذیل کی شکلوں کا مشاہدہ کر کے جدول مکمل کیجیے۔

شکل	شکل کا نام	راسی نقطوں کے نام	ضلعوں کے نام
			
			
			

تیسرا دن

عددوں کا پڑھنا اور لکھنا – I

ذیلی جز : عبارتی اور ہندسی عدد کا پڑھنا، لکھنا۔ جفت – طاق اعداد

آؤ سمجھیں

ا	د	س	ہ	دہ
1	10	100	1,000	10,000

7805 اس عدد کو ہم **سات ہزار آٹھ سو پانچ** ایسا پڑھتے ہیں۔ تو آیئے نیچے دیے ہوئے اعداد کو پڑھیں اور لفظوں یا ہندسوں میں لکھیں۔

نمبر شمار	عدد	لفظوں میں لکھنا
(1	4,570	چار ہزار پانچ سوستّر
(2	9,562	.....

نمبر شمار	عدد	لفظوں میں لکھنا
(3		پندرہ ہزار آٹھ سو ستاون
(4	35,786	.....
(5	6,000	.....
(6		تیرہ ہزار پانچ سو تینتیس
(7		پینتالیس ہزار چھے سو ترسٹھ

جفت – طاق اعداد


- چیزوں کے دو-دو کے گروہ کر کے جفت اور طاق عدد پہچان سکتے ہیں۔
- چیزوں کے دو-دو کے گروہ تیار ہوتے ہیں تو وہ جفت عدد اور دو-دو کے گروہ تیار نہیں ہوتے ہیں تو وہ طاق عدد ہوتے ہیں۔

آؤ حل کریں


❖ جفت عدد کے اکائی کے مقام پر 0، 2، 4، 6، 8 اور طاق عدد کے اکائی کے مقام پر 1، 3، 5، 7، 9 یہ ہندسے ہوتے ہیں۔

9، 32، 77، 59، 46، 88، 10، 11، 22، 8 ان اعداد کا جفت اور طاق عدد میں جماعت بندی کیجیے۔	
جفت عدد –	طاق عدد –


❖ موتیوں کے تار کا مشاہدہ کر کے عدد کو ہندسوں اور لفظوں میں لکھیے۔




عدد : 436
چار سو چھتیس




عدد :
.....
.....



عدد :
.....
.....



❖ جفت عدد والے غبارے پیلے رنگ اور طاق عدد والے غباروں میں لال رنگ بھریے۔



آؤ مشق کریں

❖ دیے ہوئے ہندسوں سے زیادہ سے زیادہ چار ہندسی عدد تیار کر کے لکھیے اور پڑھیے۔

- 4, 5, 2, 7 : _____

- 2, 0, 3, 9 : _____

❖ ذیل میں دیے ہوئے گروپ میں سے ایسا گروہ پہچانیے جس میں تمام جفت عدد ہیں اور اس گروہ کا نمبر چوکون میں لکھیے۔

(1)	(2)	(3)	(4)	
12, 35, 42, 10	11, 21, 31, 41	31, 23, 36, 63	22, 38, 36, 10	

❖ ذیل کے عدد لفظوں میں لکھیے۔

1) 23,870 : .....

2) 73,269 : .....

3) 50,074 : .....

4) 99,979 : .....

❖ خالی چوکون میں ترتیب وار طاق عدد لکھیے۔



1				9	
		17			
25					
		41			
			55		
61					71

چوتھا دن

اعداد کا پڑھنا اور لکھنا – II

ذیلی جز : توسیعی صورت، چڑھتی اور اُترتی ترتیب

آؤ سمجھیں

❖ 5,798 عدد میں 5 ہزار، 7 سو، 9 دہائی، 8 اکائی ہے۔

اس لیے 5,798 کی توسیعی صورت 8 + 90 + 700 + 5000 ہے۔

ہ	س	د	ا
5	7	9	8

❖ 24,301 کی توسیعی صورت لکھیے۔

24,301 یعنی 2 دس ہزار، 4 ہزار، 3 سو، 0 دہائی، 1 اکائی

24,301 = 20000 + 4000 + 300 + 00 + 1

دہ	ہ	س	د	ا
2	4	3	0	1

آؤ حل کریں

❖ دیے ہوئے عدد کے متواتر پیچھے کا عدد اور متواتر آگے کا عدد لکھیے۔

متواتر آگے کا عدد ← +1	عدد	−1 → متواتر پیچھے کا عدد
5,897	5,896	5,895
	1,989	
	9,754	
	7,000	
	32,231	
	77,824	
	8,002	

❖ ذیل کے اعداد کو پڑھیے اور ہر ہندسے کی مقامی قیمت لکھیے۔

1) 4,352

ہ	س	د	ا
4	3	5	2
4,000	300	50	2

2) 9,876

ہ	س	د	ا

3) 1,570

ہ	س	د	ا

4) 6,093

5) 23,718

دہ	ہ	س	د	ا

6) 45,001

آؤ مشق کریں

❖ ذیل کے اعداد کی توسیعی صورت لکھیے۔

1) 3,401 = 3,000 + 400 + 00 + 1

2) 42,000 = ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐

3) 7,325 = ☐ + ☐ + ☐ + ☐

4) 85,321 = ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐

5) 38,008 = ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐

❖ ذیل کے اعداد کو چڑھتی اور اُترتی ترتیب میں لکھیے۔

1) 5683 , 3987 , 7626
   چڑھتی ترتیب - ☐ ☐ ☐
   اُترتی ترتیب - ☐ ☐ ☐

2) 7726 , 3927 , 4899
   چڑھتی ترتیب - ☐ ☐ ☐
   اُترتی ترتیب - ☐ ☐ ☐

3) 83967 , 37272 , 98762
   چڑھتی ترتیب - ☐ ☐ ☐
   اُترتی ترتیب - ☐ ☐ ☐

❖ $>$ ، $<$ ، $=$ میں سے مناسب علامت چوکون میں لکھیے۔

1) 5,934 ☐ 6,275 — 2) 7,232 ☐ 7,203

3) 9,845 ☐ 8,954 — 4) 18,632 ☐ 18,632

5) 78,199 ☐ 78,945 — 6) 65,201 ☐ 56,102

7) 92,000 ☐ 88,999 — 8) 51,505 ☐ 51,505

جمع

ذیلی جز : چار ہندسی عدد کی کھڑی ترتیب میں جمع

آؤ سمجھیں

❖ دیے ہوئے دو ہندسی عدد کو کھڑی ترتیب میں لکھ کر جمع کیجیے۔

مثال: 1 : 897 + 535

	ہ	س	د	ا
حاصل کا	1	1	1	
		8	9	7
+		5	3	5
	1	14	13	12
جواب :	1	4	3	2

مثال: 2 : 2,488 + 3536

	ہ	س	د	ا
حاصل کا	1	1	1	
	2	4	8	8
+	3	5	3	6
جواب :	6	0	2	4

آؤ حل کریں

❖ جمع کیجیے۔

1) 752 + 468

ہ	س	د	ا
+			

2) 1,252 + 875

ہ	س	د	ا
+			

3) 4,758 + 3694

ہ	س	د	ا
+			

4) 1,975 + 2,108

ہ	س	د	ا
+			

5) 7,203 + 5,819

ا	د	س	ہ	دہ

+

6) 8,765 + 567

ا	د	س	ہ	دہ

+

7) ناریل کے ایک باغ سے 837 ناریل اور دوسرے باغ سے 1,600 ناریل نکالے تو کل کتنے ناریل نکالے؟

ا	د	س	ہ

+

8) امّی نے ایک دکان سے 8,322 روپے کا مکسر اور 6,650 روپے کا گیس کا چولھا خریدا تو امّی نے دکاندار کو کل کتنے روپے دیے؟

ا	د	س	ہ	دہ

+

❖ جمع کیجیے۔

1) چھے سو نو + چار سو

2) ننانوے ہزار تین + آٹھ سو پندرہ

3) سترہ ہزار دوسو پانچ جمع چھے ہزار تین سو

4) نوسو ننانوے جمع نو ہزار نوسو ننانوے

آؤ مشق کریں

1) جمع کیجیے۔ 470 + 63 + 230 + 78

2) جمع کیجیے۔ 1,157 + 470

3) جمع کیجیے۔ 43,238 + 3,002 + 752

4) جمع کیجیے۔ 2,709 + 45

5) حاصل کا دل میں رکھ کر آڑی ترتیب میں جمع کیجیے۔

(الف) 32,452 + 768 (ب) 50,335 + 168

6) طبّی جانچ کیمپ میں 1,234 مرد، 875 عورتیں اور 88 بچوں کی جانچ کی گئی تو کل کتنے لوگوں کی جانچ کی گئی؟

حل کیجیے۔

1) سدھا کو 2456 روپے کی ساڑی اور 1323 روپے کا ڈریس خریدنا ہو تو اسے کل کتنے روپے درکار ہوں گے؟

1) کون سی معلومات دی ہوئی ہے؟	سدھا کو 2456 روپے کی ساڑی اور 1323 روپے کا ڈریس
2) کیا پوچھا گیا ہے؟	سدھا کو کل کتنے روپے درکار ہوں گے۔
3) کون سا عمل کرنا ہوگا؟	جمع

ا	د	س	ہ

تفریق

ذیلی جز : چار عددی اور پانچ عددی ہندسوں کی کھڑی ترتیب میں تفریق

آؤ سمجھیں

❖ دیے ہوئے دو اعداد کی کھڑی ترتیب میں تفریق۔

مثال 1 : شاہین نے 2050 روپے میں سے 585 روپے خرچ کیے تو اب اس کے پاس کتنے روپے باقی رہے؟

	ہ	س	د	ا
حاصل کا	1	9	4 (14)	10
کل روپے تھے۔	~~2~~	~~0~~	~~5~~	~~0~~
روپے خرچ کیے۔		5	8	5
روپے باقی رہے۔ جواب	1	4	6	5

مثال 2 : 8,327 – 4,579

	ہ	س	د	ا
حاصل کا	7	~~2~~ (12)	~~1~~ (11)	17
	~~8~~	~~3~~	~~2~~	~~7~~
–	4	5	7	9
جواب	3	7	4	8

آؤ حل کریں

❖ تفریق کیجیے۔

1) 9,888 – 499

ہ	س	د	ا

2) 7,456 – 3,897

ہ	س	د	ا

3) 4,872 – 1,234

ہ	س	د	ا

4) 7,2031 – 29,405

ہ	س	د	ا

5) راجو کے پاس 5,000 روپے سے اس نے 2,499 روپے کا ایک بیگ خریدا تو اس کے پاس کتنے روپے باقی ہے؟

ہ	س	د	ا

– .....
.....
.....

❖ کھڑی ترتیب میں لکھ کر تفریق کیجیے۔

1) 782 – 663

2) 6,387 – 3,873

3) 7,004 – 2,021

4) 5,331 – 3,762

5) 8,173 – 4632

6) 9,745 – 89

آؤ مشق کریں

1) راہل نے 9,870 روپے کا فریج، 7,999 روپے کا کولر خریدا تو کولر کے مقابلے میں فریج کے لیے کتنے روپے زیادہ دیے؟

2) ساحل کے پاس 7,860 روپے میں سے 415 روپے باقی رہے تو اس نے کتنے روپیوں کی خریدی کی؟

3) آڑی ترتیب میں تفریق کیجیے۔ (1) 7,777 – 3,333 (2) 4,007 – 15

4) اپنی بیاض میں کھڑی ترتیب میں تفریق کیجیے۔

(1) 2,117 – 1,127 (2) 6,500 – 428 (3) 9,999 – 999 (4) 1,000 – 99

5) 7,368 میں سے کون سی رقم تفریق کرنے پر 679 جواب آئے گا؟

6) 3,000 روپے میں 1,308 روپیوں کو دو مرتبہ تفریق کریں تو کتنے روپے باقی رہیں گے؟

7) 542 باقی رہ جائے ایسی تفریق کی پانچ مثالیں تیار کیجیے۔

8) 0, 5, 8, 9, 6 اِن ہندسوں سے پانچ ہندسی چھوٹے سے چھوٹا اور بڑے سے بڑا عدد تیار کیجیے اور ان کی تفریق کیجیے۔

9) ایک الیکشن میں 45,503 لوگوں نے ووٹ ڈالے۔ ان میں سے 22,633 مرد تھے اور دیگر عورتیں تھیں تو ووٹ ڈالنے والی عورتوں کی تعداد کتنی تھی؟

10) امان نے 90,500 میں خریدی ہوئی موٹر سائیکل 75,300 روپے میں فروخت کی تو اسے کتنی کم رقم میں وہ موٹر سائیکل فروخت کرنی پڑی؟

ساتواں دن

ضرب - I

ذیلی جز : تین اور چار ہندسی عدد کا کھڑی ترتیب میں ضرب

آؤ سمجھیں

کھڑی ترتیب :

ہ	س	د	ا	
0				حاصل کا دہائی (1 سے) ضرب کرنے پر آیا ہوا۔
	1	2		حاصل کا اکائی (3 سے) ضرب کرنے پر آیا ہوا۔
	4	3	8	
	×	1	3	
1	3	1	4	438 کو پہلے 3 سے ضرب کرنے پر آنے والا عدد
+4	3	8	0	438 کو 1 سے ضرب کرنے پر آنے والا عدد۔ (دہائی یعنی (10) سے ضرب کرے اس لیے اکائی کے خانے میں پہلے صفر لکھ کر آیا ہوا جواب دہائی کے خانے سے لکھے۔)
5	6	9	4	

آؤ حل کریں

❖ کھڑی ترتیب دے کر ضرب کیجیے۔

1)

دہ	ہ	س	د	ا
		2 ×	3 5	5 4

2)

دہ	ہ	س	د	ا
	2	4 ×	6 3	7 8

3) $5,972 \times 36$

4) $8,452 \times 78$

آؤ مشق کریں

جانچ کیجیے۔

دونوں کے جوابات ایک جیسے آتے ہیں کیا؟ ہاں/نہیں

ضرب یعنی بار بار جمع

1)
$$\begin{array}{r} 325 \\ \times \quad 8 \\ \hline \end{array}$$

$325 + 325 + 325$

$325 + 325 + 325$

$325 + 325 = \square$

2)
$$\begin{array}{r} 328 \\ \times \quad 13 \\ \hline \end{array}$$

3)
$$\begin{array}{r} 13 \\ \times 328 \\ \hline \end{array}$$

دونوں کو ضرب دیجیے۔ جوابات ایک جیسے آتے ہیں کیا؟ ہاں / نہیں

آٹھواں دن

ضرب - II

ذیلی جز : عبارتی مثالیں

آؤ سمجھیں

1) راشد کو ہر مہینے 475 ₹ کا فون کا ریچارج کرنا پڑتا ہے تو اس کا ایک سال کا ریچارج کا خرچ کتنا آتا ہوگا؟

ایک مہینے کا ریچارج	₹ 475	
ایک سال کے کل مہینے	12	×
	950	
	4,750	+
ایک سال کے ریچارج کے لیے ہونے والا خرچ	₹ 5,700	

2) تعلیمی سیر کے لیے ہر طالب علم کو 650 ₹ خرچ آتا ہے تو اسکول کے 40 طلبہ کو سیر کے لیے کل کتنا خرچ آئے گا؟

ہر ایک طالب علم کی سیر کا خرچ	₹ 650	
کل طلبہ	40	×
	000	
	26,000	+
سیر کا کل خرچ	₹ 26,000	

آؤ حل کریں

1) پریا ہر طالب علم سے ڈرائنگ کلاس کے لیے ایک مہینے کی 350 ₹ فیس لیتی ہے۔ اس کے پاس 27 طلبہ ہیں تو اسے ایک مہینے کی کل کتنے روپے فیس ملتی ہوگی؟

ہر ایک طالب علم کی فیس	₹ ☐	
کل طلبہ	☐	×
∴ ایک مہینے کی ملنے والی کل فیس	₹ ☐	

2) عادل کو ہوٹل کے لیے ایک دن میں 125 کلو پیاز لگتی ہے تو جون کے مہینے میں انھیں کل کتنے کلو پیاز لگے گی؟

ایک مہینے میں لگنے والی پیاز	☐ کلو	
جون مہینے کے دن	☐	×
∴ کل پیاز	☐ کلو	

3) ایک تقریب کے لیے سلمٰی دیدی نے 837 روپے کے فی تحفہ کے حساب سے 47 تحفے خریدے تو انھوں نے کل کتنے روپے خرچ کیے؟

4) 5 ویں جماعت کی ایک مشقیہ سیٹ کی قیمت 755 روپے ہوں تو ایسے 52 سیٹ خریدنے کے لیے کتنی رقم درکار ہوگی؟

5) ذیل میں سے 16×372 یہ ضرب کس نے صحیح حل کیا ہے؟ اس کے نیچے (✓) کا نشان لگائیے۔

ہ	س	د	ا
	4	1	
	3 ×	7 1	2 6
2 + 0	2 3	3 7	2 2
2	6	0	4

سیما ☐

ہ	س	د	ا
	4	1	
	3 ×	7 1	2 6
2 + 3	2 7	3 2	2 0
5	9	5	2

ببلو ☐

آؤ مشق کریں

1) شیام راؤ کو 150 کلو جوار خریدنا ہے۔ جوار کی قیمت 45 روپے فی کلو ہو تو انھیں کتنے روپے لگیں گے؟

2) ایک بس ایک دن میں 735 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے تو 12 دِنوں میں کتنا فاصلہ طے کرے گی؟

3) ایک بکس میں 42 پیڑے سما سکتے ہیں تو 139 بکس میں کتنے پیڑے سمائیں گے؟

4) پانی بچاؤ سروے کے لیے ہر طالب علم کو 21 گھروں کا دورہ کرنا ہے۔ اگر اسکول کے 159 بچوں نے یہ سروے کیا تو تمام بچوں نے مل کر گاؤں کے کل کتنے گھروں کا سروے کیا؟

نواں دن

تقسیم

ذیلی جز : تین ہندسی عدد کو ایک ہندسی عدد سے تقسیم کرنا

آؤ سمجھیں

❖ **تقسیم کا مطلب اور ترتیب**

مثال : پیپرمنٹ کی 827 گولیاں 4 بچوں میں یکساں تقسیم کرنے پر ہر ایک کو کتنی گولیاں ملیں گی اور کتنی گولیاں باقی رہیں گی؟

جواب : 4 بچوں کو ہر ایک کو 206 گولیاں ملیں گی اور 3 گولیاں باقی رہیں گی؟

ہر ایک بچے کو گولیاں ملیں ← 206

بچوں میں بانٹی → 4) 827

− 8

02

− 0

027

− 24

003 ← گولیاں باقی رہیں۔

آؤ مشق کریں

❖ **تقسیم کیجیے اور باقی معلوم کیجیے۔**

1) 27 گیندوں کو 4 گروہ میں بانٹیے۔

ہر گروہ میں کتنی گیندیں آئیں گی؟ = 6

گروہ میں یکساں بانٹنے پر بچی ہوئی گیندیں = 3

6	..... ہر ایک کو کتنے
4) 27	..... کل کتنے (کتنے گروہ میں بانٹے)
− 24	..... کتنے بانٹے
03	..... بانٹنے کے بعد باقی بچی گیندیں

2) آپ کے پاس 72 روپے ہیں۔ ان کو 8 دوستوں میں برابر تقسیم کیجیے۔

ہر ایک دوست کو کتنے روپے ملیں گے؟ = ☐

ہر ایک کو یکساں رقم ملنے کے بعد باقی روپے = ☐

☐	..... ہر ایک کو کتنے ملے
☐) ☐	..... کل کتنے روپے (کتنے لوگوں میں بانٹے)
− ☐	..... کتنے بانٹے
☐	..... بانٹنے کے بعد کتنے روپے باقی رہے

❖ ذیل میں دی ہوئی تقسیم کیجیے۔ مقسوم، مقسوم علیہ، خارج قسمت اور باقی لکھیے۔

$3\overline{)68}$	$7\overline{)950}$	$6\overline{)128}$	$4\overline{)160}$

❖ چھے گملوں کی قیمت 210 روپے ہے تو ایک گملے کی قیمت کتنی ہوگی؟

❖ ایک کمرے میں 3 پلنگ، اس حساب سے ہوسٹل کے کمروں میں 27 پلنگ ہیں تو ہوسٹل میں کتنے کمرے ہیں؟

❖ ایک بیکری میں 72 کپ کیک ہیں۔ ایک باکس میں 8 کپ کیک سما سکتے ہیں تو تمام کپ کیک رکھنے کے لیے کتنے بکس درکار ہوں گے؟

❖ ایک قلم کی قیمت 5 روپے ہیں تو 15 روپیوں میں کتنے قلم آئیں گے؟

آؤ حل کریں

1) سمر کیمپ کے لیے رخسار اور اس کی 4 سہیلیوں نے مل کر 776 روپے جمع کیے تو ہر ایک کتنے کتنے روپے ادا کیے؟

2) ایک پیٹی میں آدھا درجن آم سما سکتے ہیں تو 312 آموں سے کتنی پیٹیاں بھریں گی؟

3) ایک بینچ پر 2 طلبہ کو بٹھایا گیا تو 570 طلبہ کے بیٹھنے کے لیے کتنے بینچ لگیں گے؟

4) منیبہ کے پاس 100 روپے کی 1 نوٹ، 50 روپے کے 3 نوٹ، 20 روپے کے 2 نوٹ اور 10 روپے کی 1 نوٹ ہے۔ یہ کل رقم وہ تین لوگوں میں تقسیم کرنا چاہتی ہے تو ہر ایک کو کتنے روپے ملیں گے؟


5) 8 گولیوں کا ایک پیکٹ اس طرح 66 گولیوں کے کتنے پیکٹ بنیں گے اور کتنی گولیاں باقی بچیں گی؟

دسواں دن

احاطہ

آؤ سمجھیں

❖ نیچے دی ہوئی بند شکل میں تمام ضلعوں کی لمبائی کی جمع یعنی احاطہ۔





بازو کی شکل کا احاطہ = 2 + 3 + 3 + 5 + 4


= 17 سم

آؤ حل کریں

❖ نیچے دی ہوئی اشکال کا احاطہ چوکون میں لکھیے۔







❖ نیچے دیے ہوئے چوکون رومال میں سے کس رومال کا احاطہ 48 سم ہے۔اس کے نیچے دیے ہوئے چوکون میں (✓) کا نشان لگائیے۔


6 سم

☐


12 سم

☐


4 سم

☐

❖ حل کیجیے۔

1) ایک مستطیل نما کھیت کے ضلعے 170 میٹر، 110 میٹر، 170 میٹر، 110 میٹر ہیں تو اس کھیت کا احاطہ معلوم کیجیے۔

2) ایک چوکون کا ضلع 32 سم ہے تو اس چوکون کا احاطہ معلوم کیجیے۔

3) ایک چوکون کا ضلع 18 سم ہے تو اس کا احاطہ معلوم کیجیے۔

4) ایک مستطیل کی لمبائی 140 سم ہے اور چوڑائی 100 سم ہے تو اس مستطیل کا احاطہ معلوم کیجیے۔

آؤ مشق کریں

1) جماعت کے مستطیل نما بورڈ کی لمبائی 120 سم اور چوڑائی 80 سم ہے تو بورڈ کا احاطہ معلوم کیجیے۔

2) 20 سم ضلع والے چوکون رومال کو لیس لگانے کے لیے کتنے سم لمبی لیس لگے گی؟

3) جوزف کے 50 فٹ لمبائی اور 40 فٹ چوڑائی والی زمین کو تار کے دو پھیرے والا جنگلہ لگانے کے لیے کتنا فٹ تار لگے گا؟

4) شیام راؤ 500 میٹر لمبائی والے میدان کے دو چکر لگاتے ہیں تو وہ روزانہ کتنے کلومیٹر چلتے ہیں؟

گیارھواں دن


رقبہ اور تہہ کاری

آؤ سمجھیں

سطح پر شکل کی گھیری ہوئی جگہ کی پیمائش اس شکل کا رقبہ ہوتا ہے۔

- رقبہ کی پیمائش کرنے کے لیے 1 سم ضلع والے مربع سطح کو رقبہ کی اکائی کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ شکل کا رقبہ مربع سینٹی میٹر (مربع سم) میں بتاتے ہیں۔


مثال




رقبہ = 12 مربع سم

آؤ حل کریں

❖ ذیل کی شکلوں کے رقبے معلوم کیجیے۔ (شکل میں دیے ہوئے تمام مربعے 1 مربع سم کے ہیں۔)




❖ ذیل کی تہہ کاری کون سی سہ رخی شکل کی ہے، لکھیے۔




....

❖ ذیل میں سے کون سی تہہ کاری سے مکعب تیار نہیں ہوگا؟ اس پر (✓) کا نشان لگائیے۔




آؤ مشق کریں

❖ سہ رخی شکل کا نام لکھیے اور انھیں کھول کر تہہ کاری کی شکل تیار کیجیے۔



❖ شکل کا رقبہ معلوم کیجیے۔

(شکل میں دیے ہوئے تمام مربعے 1 مربع سم کے ہیں)




بارھواں دن


وقت کی پیمائش

ذیلی جز : گھڑی دیکھنا / پڑھنا


آؤ سمجھیں



12 بج کر 15 منٹ
یعنی سوا بارہ بجے۔



12 بج کر 30 منٹ
یعنی ساڑھے بارہ بجے۔



11 بج کر 45 منٹ
یعنی پونے بارہ بجے۔

آؤ حل کریں

❖ خالی چوکون میں مناسب جواب لکھیے۔

سوا چار بجے = 4 بج کر 15 منٹ


1) سوا پانچ بجے = ☐ بج کر ☐ منٹ

2) پونے دو بجے = ☐ بج کر ☐ منٹ

3) 7 بج کر 45 منٹ = ☐


4) 5 بج کر 30 منٹ = ☐

❖ گھڑی میں کتنے بجے، دونوں طریقوں سے لکھیے۔




ساڑھے سات

7 بج کر	30 منٹ



.....

.....	.....



.....




.....	.....

آؤ مشق کریں

❖ ایک گھنٹہ یعنی ☐ منٹ

❖ جان محمد صبح 6 بجے یوگا کلاس کو گیا۔ 45 منٹ کے بعد گھر واپس آیا۔ تب گھڑی میں کتنے بجے ہوں گے؟ .....

❖ گھڑی میں وقت دِکھائیے۔

 نو بج کر چالیس منٹ	 دس بج کر بیس منٹ	 پانچ بج کر پینتیس منٹ

کیلنڈر

آؤ سمجھیں

❖ کیلنڈر کا مشاہدہ کر کے سوالوں کے جواب لکھیے۔

کیلنڈر — فروری ۲۰۲۰ء

اتوار		۲	۹	۱۶	۲۳
پیر		۳	۱۰	۱۷	۲۴
منگل		۴	۱۱	۱۸	۲۵
بدھ		۵	۱۲	۱۹	۲۶
جمعرات		۶	۱۳	۲۰	۲۷
جمعہ		۷	۱۴	۲۱	۲۸
سنیچر	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹

کیلنڈر — فروری ۲۰۲۱ء

اتوار		۷	۱۴	۲۱	۲۸
پیر	۱	۸	۱۵	۲۲	
منگل	۲	۹	۱۶	۲۳	
بدھ	۳	۱۰	۱۷	۲۴	
جمعرات	۴	۱۱	۱۸	۲۵	
جمعہ	۵	۱۲	۱۹	۲۶	
سنیچر	۶	۱۳	۲۰	۲۷	

فروری 2020 اور فروری 2021 کے مہینوں کا مشاہدہ کر کے ذیل کے سوالوں کے جواب لکھیے۔

1) فروری مہینوں میں کس سال میں زیادہ دن ہیں؟

2) فروری 2020 میں کون سا سب سے زیادہ مرتبہ آیا ہے؟

3) فروری 2021 میں تمام دن کتنی مرتبہ آئے؟

4) ایک ہی دن والی تاریخوں میں کتنے دن کا فرق ہوتا ہے؟

5) فروری 2020 میں کون کون سی تاریخوں کو سنیچر آیا ہے؟

6) اسکول میں 16 فروری 2020 سے 29 فروری 2020 تک مختلف سائنسی سرگرمیاں لی گئیں تو کتنے دنوں تک سرگرمیاں لی گئیں؟

7) اوپر دیا گیا کون سا سال لیپ سال ہے؟

آؤ حل کریں

❖ آپ کے گھر میں جاری سال کا کیلنڈر دیکھ کر ذیل کے سوالوں کے جواب لکھیے۔

1) اسکول کی تعلیمی سیر 26 نومبر تا 3 دسمبر مدت کے لیے طے کی گئی ہے تو سیر کتنے دنوں کی ہوگی؟

